# الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 11ستمبر 2017ء

**الیکشن کمیشن آف پاکستان کا وزرات داخلہ پر شدید الفاظ میں ناراضگی کا اظہار۔**

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وزرات داخلہ کی جانب سے ابھی تک جواب موصول نہ ہونے پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس بات کی کھل کر واضاحت کر دی تھی کہ **ملی مسلم لیگ** کے نام سے کوئی بھی سیاسی جماعت الیکشن کمیشن کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے، نہ ہی اس کو کوئی انتخابی نشان الاٹ ہوا ہے اور نہ ہی اس کی کوئی قانونی حیثیت ہے۔اس سلسلے میں الیکشن کمیشن کی جانب سے وزارت داخلہ کو24اگست 2017ء کو ایک خط بھی لکھا گیا تھا جس میں اس بات کی وضاحت مانگی گئی تھی اور اس کی قانونی حیثیت کے بارے میں سوال اٹھایا گیا تھا۔وزارت داخلہ نے الیکشن کمیشن کو ابھی تک کسی قسم کا کوئی جواب نہیں دیا۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آج **ملی مسلم لیگ** کے حوالے سے کیس کی سماعت کے دوران وزرات داخلہ کی جانب سے ابھی تک جواب نہ دینے پر شدید براہمی کا اظہار کیا اور حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا کہ سیکرٹری داخلہ سے 15 دن کے اندر اس معاملے پر جواب طلب کیا جائے۔ اسی سلسلے میں آج وزارت داخلہ کو الیکشن کمیشن کی جانب سے دوبارہ یاد ہانی کا مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆